## پیپلز پارٹی کے رہنما ڈاکٹر نثار کھوڑو کی لندن میں ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے تفصیلی ملاقات
## ملک خصوصاً سندھ کے سیاسی حالات اور ملک کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال
## ملک جن خطرات سے دوچار ہے ان کے پیش نظر اتحاد و یکجہتی اور مفاہمت کی سیاست کو فروغ دیا جانا چاہیے
## ایم کیوایم اور پیپلز پارٹی کے درمیان بہتر تعلقات سندھ کے عوام کے درمیان اتحاد کو فروغ دے سکتے ہیں۔ نثار کھوڑو
## سندھ اور سندھ کے عوام کا مفاد اسی میں ہے کہ وہ آپس میں بھائی بنکر رہیں۔ الطاف حسین

لندن۔۔۔22 اگست 2009ء

سندھ اسمبلی کے اسپیکر اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما ڈاکٹر نثار کھوڑو نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں تفصیلی ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک خصوصاً سندھ کے سیاسی حالات اور ملک کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ نثار کھوڑو نے سندھ اسمبلی کے اسپیکر کی حیثیت سے ایوان میں ایم کیوایم کے ارکان کے تعاون اور مثبت رویہ پر جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے کے سلسلے میں انکے کردار کو سراہا۔ نثار کھوڑو نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ ایم کیوایم اور پیپلز پارٹی ہی سندھ میں دو بڑی جماعتیں ہیں اور دونوں جماعتوں کے درمیان اتحاد اور بہتر تعلقات ہی سندھ کے عوام کے درمیان اتحاد کو فروغ دے سکتا ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ ان کا روز اول سے یہی کہنا ہے کہ سندھ کے دیہی اور شہری عوام کا جینا مرنا ساتھ ہے لہٰذا ان میں کوئی اختلاف نہیں ہے، سندھ اور سندھ کے عوام کا مفاد اسی میں ہے کہ وہ آپس میں بھائی بنکر رہیں۔ ملاقات میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ ملک جن خطرات سے دوچار ہے ان کے پیش نظر اتحاد و یکجہتی اور مفاہمت کی سیاست کو فروغ دیا جانا چاہیے۔ ملاقات میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محمد انور، طارق جاوید، سلیم شہزاد، انیس ایڈوکیٹ، آصف صدیقی، مصطفیٰ عزیز آبادی، اشفاق منگی، افتخار رندھاوا اور رکن سندھ اسمبلی نثار پنہور بھی موجود تھے۔

## ماہ صیام رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ ہے، الطاف حسین
## دنیا بھر کے مسلمانوں کو رمضان المبارک کی آمد پر مبارکباد

لندن۔۔۔22 اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کو رمضان المبارک کی آمد پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک تہنیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ماہ صیام رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ ہے اور اسلامی عبادات میں روزے کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ روزہ ارکان اسلام کا اہم رکن اور تزکیہ نفس کا بہترین ذریعہ ہے اور اس عبادت کے ذریعے ہمیں دوسروں کی بھوک اور پیاس کی شدت کا احساس ہوتا ہے۔ جناب الطاف حسین نے تمام مسلمانوں کو رمضان المبارک کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ رمضان المبارک میں غریب و مستحق اور نادار افراد کی تکالیف کو محسوس کریں اور ان کی بھرپور مدد کریں۔

## موجودہ بلدیاتی نظام جمہوریت کی اصل روح ہے ، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔22، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی ربطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ موجودہ بلدیاتی نظام جمہوریت اصل روح اور نچلی سطح تک اقتدار کی منتقلی کا بہترین ذریعہ ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم کی پرامن جدوجہد کا مقصد بھی عوام کو اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی ہی ہے اور جو لوگ بلدیاتی نظام کی افادیت سے انکار کررہے ہیں وہ جمہوری عمل کا حصہ ہوتے ہوئے بھی عوام سے اختیارات چھیننے کی کوشش کررہے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایک ڈکٹیٹر نے بلدیاتی نظام نافذ کیا اور اسی ڈکٹیٹر نے قومی وصوبائی اسمبلیوں کے انتخابات بھی کرائے اگر بلدیاتی نظام غلط ہے تو پھر اسمبلیاں بھی غلط ہیں اور بلدیاتی نظام کے ساتھ ساتھ اسمبلیوں کو بھی ختم کیا جائے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ بلدیاتی نظام کے مستقبل کے بارے میں فیصلہ کرنے سے قبل ملک بھر کے منتخب بلدیاتی نمائندوں اور عوام کی خواہشات اور امنگوں کا احترام کیا جائے اور موجودہ نظام جاری رکھا جائے۔

## کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

## سہراب گوٹھ سے کالعدم تحریک طالبان کے مزید تین دہشت گردوں کی گرفتاری اور خودکش جیکٹ سمیت اسلحہ کی برآمدگی الطاف حسین کے خدشات کی سچائی کا ایک اور ثبوت ہے

کراچی۔۔۔22، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سہراب گوٹھ سے کالعدم تحریک طالبان کے مزید 3 دہشت گردوں کی گرفتاری اور خودکش جیکٹ سمیت جدید اسلحہ کی برآمدگی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سہراب گوٹھ سے مزید تین طالبان دہشت گردوں کی گرفتاری طالبانائزیشن کے حوالے سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خدشات اور تحفظات کی سچائی کا ایک اور ثبوت ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی میں طالبان کے کئی دہشت گرد گرفتار کئے جا چکے ہیں جبکہ اس سے قبل قائد تحریک جناب الطاف حسین مسلسل کراچی میں طالبان کی موجودگی کے بارے میں نشاندہی کرتے رہے تاہم اس وقت عاقبت نااندیش سیاسی و مذہبی جماعتوں نے جناب الطاف حسین کے خدشات اور تحفظات کو کوئی اہمیت نہیں دی۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ آج حالات اور شواہد ثابت کررہے ہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین نے طالبانائزیشن کے حوالے سے جن خدشات اور تحفظات کا اظہار کیا ہے وہ سو فیصد درست تھے۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش اور طالبان کے دہشت گردوں کی موجودگی کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔

## حقوق کی جدوجہد میں خواتین کا کردار اہمیت کا حامل ہے، انیس قائم خانی

## خود کو نظریاتی بنیاد پر مضبوط بنائیں، اجمل دہلوی

## شعبہ خواتین کے ماہانہ اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔22/اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی نے کہا ہے کہ حقوق کی تحریکیوں میں خواتین کا کردار اہمیت کا حامل ہے اور ایم کیو ایم کی جدوجہد میں خواتین نے ناقابل فراموش کردار ادا کیا ہے۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیو ایم شعبہ خواتین کے ماہانہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجلاس سے روزنامہ امن کے مدیر اجمل دہلوی نے بھی خطاب کیا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر نصرت اور کنور خالد یونس بھی موجود تھے۔اجلاس میں شعبہ خواتین کی ذمہ داران اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت۔انیس قائم خانی نے کہا کہ ایم کیو ایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جس نے خواتین کے حقوق کیلئے ہر سطح پر آواز بلند کی اور زندگی کے ہر شعبہ میں خواتین کو برابری کی بنیاد پر حقوق دیئے۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مدیر امن اجمل دہلوی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین خواتین کو معاشرے میں ان کا جائز حق دلانے کیلئے کوشاں ہیں۔انہوں نے کہا کہ حق پرستی کی جدوجہد میں خواتین نے لازوال قربانیاں دیکر ثابت کردیا ہے کہ حقوق کی جدوجہد میں مائیں بہنیں بھی اپنے بھائیوں کے شانہ بشانہ ہیں۔انہوں نے خواتین کو تلقین کی کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے پیغام کے فروغ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور خود کو نظریاتی بنیادوں پر مضبوط بنائیں۔

## منور حسن اسلامی جماعت کے امیر کی حیثیت سے اپنی جماعت کے قول و فعل کے تضاد کا جائزہ لیں، ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔22، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے جماعت اسلامی کے امیر منور حسن کے اس بیان پر کہ ماورائے عدالت قتل کو جائز قرار نہیں دیا جاسکتا تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی نے اس وقت ماورائے عدالت قتل کو کیوں ناجائز قرار نہیں دیا جب بدترین ریاستی آپریشن کے دوران ایم کیو ایم کے بے گناہ کارکنان کو وحشیانہ اور بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنا کر ماورائے عدالت قتل کیا جارہا تھا۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی منافقین کی جماعت ہے اور اس کے قول و فعل میں کھلا تضاد موجود ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ بات ریکارڈ پر موجود ہے کہ یم کیو ایم کے خلاف ریاستی آپریشن کے آغاز پر جماعت اسلامی نے مٹھائیاں تقسیم کیں اور اس کے بے گناہ کارکنان کے ماورائے عدالت قتل پر خوشیاں منائیں۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے منور حسن کو مشورہ دیا کہ وہ ایک اسلامی جماعت کے امیر کی حیثیت سے اپنے قول و فعل کے تضاد کا جائزہ لیں۔

## ایم کیوایم محبّ وطن جماعت ہے، 53 کارکنان کی شہادتوں کے باوجود ملکی استحکام کیلئے ضبط سے کام لے رہی ہے، ارکان سندھ اسمبلی

## نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے کارکن سید شہاب رضا کے بہیمانہ قتل پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔22، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 173 کے کارکن سید شہاب رضا کے بہیمانہ قتل میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزادی جائے اور ایم کیوایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کا سلسلہ فی الفور بند کرایا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ امن دشمن عناصر صوبہ سندھ میں امن عامہ کی صورتحال کراب کرکے منتخب حکومت کے خلاف سازش کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم منتخب حکومت کو مستحکم اور جمہوری عمل کو جاری رکھنا چاہتی ہے اور یہی وجہ ہے ٹارگٹ کلنگ میں 53 کارکنان، منتخب بلدیاتی نمائندوں اور ہمدردوں کی شہادتوں کے باوجود ایم کیوایم اپنے کارکنان اور عوام کو بھی صبر وتحمل کی تلقین کررہی ہے۔ انہوں نے سید شہاب رضا شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی مغفرت کیلئے دعا بھی کی۔ حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ جنوری 2009 سے اب تک ایم کیوایم کے 53 کارکنان کی شہادتوں کا نوٹس لیا جائے اور ان واقعات میں ملوث سفاک دہشت گردوں گرفتار کرکے عبرتناک سزائیں دی جائیں۔

## ایم کیوایم کے بزرگ کارکنان عبدالرؤف اور بشیر احمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔22، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 136 کے کارکن بزرگ کارکن عبدالرؤف اور ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 100 کے بزرگ کارکن بشیر احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزی وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم نارتھ کراچی اور ملیر سیکٹرز کے بزرگ کارکنان عبدالرؤف اور بشیر احمد دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کرگئے

کراچی۔۔۔22، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ ایلڈ ر زونگ نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 136 کے کارکن عبدالرؤف اور ایم کیوایم ایلڈر زونگ ملیر سیکٹر یونٹ 100 کے کارکن بشیر احمد دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کرگئے (انا اللہ وانا الیہ راجعون)۔ عبدالرؤف مرحوم کی عمر 63 سال تھی اور ان کے سوگواران میں بیوہ، 6 بیٹے اور 2 بیٹیاں شامل ہیں جبکہ بشیر احمد مرحوم کی عمر 51 سال تھی اور انہوں نے اپنے سوگواران میں ایک بیٹی اور 6 بھائی چھوڑے ہیں۔ عبدالرؤف مرحوم اور بشیر احمد مرحوم کو مقامی قبرستانوں میں سپرد خاک کردیا گیا۔ مرحومین کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، حق پرست ٹاؤن ناظمین، ایم کیوایم ایلڈر زونگ کے ارکان، ایم کیوایم نارتھ کراچی اور ملیر سیکٹرز کمیٹیوں کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحومین کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔

## ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر کے کارکن کے والد اور ایم کیوایم کے بزرگ کارکنان کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔22، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ایلڈر زونگ ملیر سیکٹر یونٹ 100 کے کارکن بشیر احمد، ایم کیوایم ایلڈر زونگ نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 136 کے کارکن عبدالرؤف اور ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 135/B کے کارکن حافظ محمد راشد کے والد علاؤالدین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆